ایک ایسا مرض ہے جو ہمارے اس دور میں پھیلا ہے۔

کتاب میں اور کئی مقامات بھی ایسے ہیں جو نظرِ ثانی کے محتاج ہیں۔ ہم مؤلف کو ذاتی طور پر جانتے ہیں اور اُن کی حق پسندی سے پوری توقع رکھتے ہیں کہ وہ اپنے ان خیالات پر دوبارہ غور کر کے ان کی اصلاح کریں گے۔

عیسائیت کا پسِ منظر } تالیف۔ مولانا ابوالزاہد محمد سرفراز خان صاحب صفدر صدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ۔

ناشر۔ ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

صفحات ۱۲۸۔ قیمت سوا دو روپے۔

مولانا محمد سرفراز صاحب اس ملک کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ ایک ٹھوس عالمِ دین اور ایک کامیاب مدرس ہیں۔ اور اُن کے اس تبحرِ علمی کی جھلک اُن کی ساری تصنیفات میں صاف دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے آج تک مختلف موضوعات پر جو کچھ تحریر فرمایا ہے اُس سے اختلاف کی گنجائش ہو سکتی ہے لیکن اُن کے علم کی وسعت اور فکر کی گہرائی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

زیرِ تبصرہ کتاب اُن کی ایک تازہ تصنیف ہے جس میں انہوں نے متعدد حوالوں کے ساتھ عیسائیت کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ کتاب کے مطالعہ کے وقت یہ تاثر کہیں کہیں ضرور قائم ہوتا ہے کہ عیسائیت کے بعض ایسے گوشے جو تفصیلی بحث کے محتاج تھے اُن میں بڑے اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر مسئلہ تثلیث، یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو عیسائیوں کے لئے بنیادی اہمیت کا حامل ہے؛ اس پر مصنّف نے بالکل سرسری طور پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ التوحید فی التثلیث وتثلیث فی التوحید بلاشبہ ایک چیستان ہے لیکن اس کی وضاحت ہمارے نزدیک اشد ضروری ہے۔

ختمِ نبوّت ۔ تالیف۔ مولانا حافظ محمد گوندلوی۔ ناشر۔ مکتبہ نعمانیہ اردو بازار گوجرانوالہ۔ قیمت۔ دس آنے۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں مسلک اہلحدیث کے مشہور بزرگ اور عالمِ دین حافظ محمد صاحب نے مسئلہ ختمِ نبوّت پر اپنے مخصوص عالمانہ انداز میں بحث کی ہے۔